ہدایات :

۱) ہر جواب سے پہلے متعلقہ سوال ضرور لکھیں۔

۲) ہر جواب نئے صفحے سے شروع کریں۔

سوال نمبر۱۔ (الف) فن صحافت پر روشنی ڈالتے ہوئے رپورٹ نگاری پر نوٹ لکھیے۔ (10)

یا

رپورٹ نگاری سے کیا مراد ہے؟ دلی میں منائے گئے یوم جمہوریہ کے جلسے کی رپورٹ تیار کیجیے۔

(ب) درج ذیل میں سے کوئی پانچ محاوروں کے معنی لکھیے اور جملوں میں استعمال کیجیے۔ (10)

۱۔ آپے سے باہر ہونا ۲۔ سر پر اٹھانا ۳۔ جان میں جان آنا ۴۔ نوش جان کرنا

۵۔ اپنا الو سیدھا کرنا ۶۔ نوش جان کرنا ۷۔ آنکھوں میں آنسو آنا

سوال نمبر ۲۔ مولانا محمد حسین آزاد کی زندگی کے مختلف گوشوں پر روشنی ڈالیے۔ (20)

یا

قرۃ العین حیدر کے عہد پر روشنی ڈالتے ہوئے ان کی سوانحی ادبی خدمات پر مفصل نوٹ لکھیے۔

سوال نمبر ۳۔ سکندر علی وجد کی حیات اور ادبی خدمات کا جائزہ پیش کیجیے۔ (20)

یا

رباعی گوئی پر روشنی ڈالیے اور اہم رباعی گو شعرا پر نوٹ لکھیے۔

سوال نمبر ۴۔ (الف) مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر تفصیلی گفتگو کیجیے۔ (10)

۱۔ گلشن امید کی بہار ۲۔ کارمن ۳۔ یہ لندن ہے

(ب) مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نظم کا تجزیہ پیش کیجیے۔ (10)

۱۔ اجنتا ۲۔ حویلی ۳۔ زندگی سے ڈرتے ہو

سوال نمبر ۵۔ (الف) مندرجہ ذیل میں سے دو اقتباسات کی مع سیاق وسباق وضاحت کیجیے۔ (10)

ا۔ رستے کے دونوں طرف کہیں کہیں ایک آدھ جھونپڑی نظر آتی تھی۔ وہ دیکھنے میں پست اور بے حقیقت تھی مگر ہرے درختوں نے سایہ کر رکھا تھا۔ دیواریں لپی ہوئی ہوئیں م دروازے پر روشن حرفوں میں لکھا تھا' قناعت کا آرام گھر' بعضے تھکے ماندے ان میں چلے آتے اور پانو پھیلا کر بیٹھ جاتے۔ راستے والے دیکھ دیکھ کر غل مچاتے کہ بھاگ گئے اور ہمت کے میدان ہار گئے۔

۲۔ امن دوستوں کو وہ سب کچھ کرنا چاہیے جس کے بعد جنگ جوئی کی خواہش کا دھبہ سرمایہ دار ملکوں کے دامن سے دھویا نہ جاسکے یا پھر وہ امن کی فضا قائم رکھنے پر مجبور ہو جائیں۔ یقیناً انسان اجتماعی طور پر چاہیں تو امن قائم ہوسکتا ہے اور دنیا جنت بن سکتی ہے۔

۳۔ لیکن ان کے اندر کا وہ شمشاد قدفن کار چپ ہو گیا ہے جو اس عہد کی افسانہ نگاری کی روح وروان تھا۔ راجندر سنگھ بیدی جیالے آدمی ہیں۔ انھوں نے بہت کچھ ہارا ہے لیکن ہمت نہیں ہاری ہے۔ ادھر ڈوبے اُدھر نکلے کا عملی مظاہرہ بھی کریں گے۔ بس کچھ دن اور انتظار کرنا ہوگا۔

۴۔ اور جو نوجوان ہماری نظر میں جچتے ہیں اُن کا تعلق پڑھے لکھے خاندانوں اور خوش حال گھرانوں سے ہوتا ہے ۔۔۔۔۔ وہ لوگ ہم سے فلرٹ تو کر سکتے ہیں شادی نہیں کرتے۔ اسی چکر میں ہماری عمریں نکلی جا رہی ہیں۔

(ب) مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک شعر کی تشریح مع شاعر کے نام کیجیے۔ (05)

ا۔ دل سرد ہو تو والب گفتار کیا کریں
منصور کیا بنیں ہوس دار کیا کریں

۲۔ اللہ اگر توفیق نہ دے انسان کے بس کا کام نہیں
فیضانِ محبت عام سہی، عرفانِ محبت عام نہیں

XJAYANTOYF2AA20XJAYANTOYF2AA20XJAYANTOYF2AA20XJAYANTOYF2AA20

۳۔ سب جس کو اسیری کہتے ہیں، وہ تو ہے اسیری ہی لیکن
وہ کون سی آزادی ہے یہاں، جو آپ خود اپنا دام نہیں

(ج) مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک بند کی تشریح سیاق وسباق کے حوالے سے کیجیے۔ (05)

۱۔ یہ مظلوم مخلوق گر سر اُٹھائے
تو انسان سب سرکشی بھول جائے
یہ چاہیں تو دنیا کو اپنا بنا لیں
یہ آقاؤں کی ہڈیاں تک چبالیں
کوئی ان کو احساسِ ذِلّت دلا دے
کوئی اُن کی سوئی ہوئی دم ہلا دے

۲۔ جھکایا سر نہ اپنا شہرت و انعام کی خاطر
جیے بھی کام کی خاطر مرے بھی کام کی خاطر
زمانے کی جبیں پر عکس چھوڑے ہیں نگاہوں کے
رہیں گے نقش ان کے، نام مٹ جائیں گے شاہوں کے

۳۔ قطرے کو گہر کی آبرو دیتا ہے
قد سرو کو گل کو رنگ وبو دیتا ہے
بے کار تشخص ہے تصنع بے سود
عزت وہی عزت ہے جو تُو دیتا ہے

☆☆☆

XJAYANTOYF2AA20XJAYANTOYF2AA20XJAYANTOYF2AA20XJAYANTOYF2AA20